01U & 02U

Question Booklet Sl. No.

1737404

Total No. of Printed Pages : 7

URDU

(First Language)

Time : 3 Hours 15 Minutes

Max. Marks : 100

ہدایات برائے طلباء :

1) سوالیہ پرچہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔

2) تمام سوالات کے جواب صرف جوابی بیاض پر ہی لکھیں۔

3) پرچہ سوالات پڑھنے کے لئے صرف 15 منٹ دیئے جائیں اور جوابات لکھنے کے لئے 3 گھنٹے کا وقت مقرر ہے۔

4) جوابات واضح ، صاف ستھرے انداز میں لکھیں۔

حصہ – I

I. سمجھنا۔ رد عمل ظاہر کرنا : **(نشانات 32)**

1) نیچے دیئے گئے بند میں سے کسی ایک بند پر مبنی سوالوں کے جواب لکھئے : **(نشانات 1×8=8)**

خدا سے حسن نے ایک روز یہ سوال کیا   جہاں میں کیوں نہ مجھے تو نے لازوال کیا

ملا جواب کہ تصویر خانہ ہے دنیا   شبِ دراز عدم کا فسانہ ہے دنیا

ہوئی ہے رنگ تغیر سے جو نمود اس کی   وہی حسیں ہے حقیقت زوال ہے جس کی

P.T.O.

سوالات :

الف) حسن نے کس سے سوال کیا؟

ب) خدا نے حسن کو کیا جواب دیا؟

ج) جہاں میں لازوال ہونے کی خواہش کس نے ظاہر کی؟

د) اس جہاں کی ہر حسین شئے آخر کار کیا ہونے والی ہے؟

یا

کیا اب بھی مہکتے مندر سے ناقوس کی آواز آتی ہے؟
کیا اب بھی مقدس مسجد پر مستانہ اذاں تھراتی ہے؟
اور شام کے رنگیں سایوں پر عظمت کی جھلک چھا جاتی ہے؟
او دیس سے آنے والے بتا!

سوالات :

ہ) شاعر مسجد کے بارے میں کیا پوچھ رہا ہے؟

و) لفظ "ناقوس" کے معنی کیا ہے؟

ز) مستانہ اذاں کی آواز کہاں سے آتی ہے؟

ح) شاعر کے مطابق وطن کی عظمت کس سے جھلک رہی ہے؟

2) ذیل میں دی گئی معلوم عبارت پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے : **(نشانات 4×2=8)**

اقبال سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ شمس العلماء ، مولوی سید میر حسن سے فارسی ، عربی اور دینی علوم کی تعلیم حاصل کی۔ سیالکوٹ ہی میں ایک انگریزی اسکول سے انٹرنس کا امتحان پاس کیا۔ اسکاچ مشن اسکول سے ایف۔اے۔ کیا۔ لاہور میں اعلیٰ تعلیم پائی۔ ابتدائی تعلیم کے زمانے میں شعر کہنے لگے۔

سوالات :

الف) اقبالؔ کہاں پیدا ہوئے ؟

ب) انگریزی اسکول سے کونسا امتحان پاس کیا؟

ج) ایف۔اے۔ کہاں سے کیا؟

د) اعلیٰ تعلیم کہاں پائی ؟

3) مندرجہ ذیل جملوں کو "سخی" کے سبق کی مناسبت سے ترتیب وار لکھئے : (نشانات 4×2=8)

الف) یہ کہاں رہتا ہے میں نہیں جانتا۔

ب) بی بی سکینہ کا شوہر پست قد کا گھٹا ہوا سیاہی مائل آدمی ہے۔

ج) میں زکریا اسٹریٹ کے ایک گندے اور چھوٹے سے ہوٹل میں بیٹھا ہوں۔

د) اپنانام مولا بخش بتایا۔

4) ذیل میں دی گئی نامعلوم عبارت پڑھئے اور سوالات کے جواب لکھئے : (نشانات 4×2=8)

عزیزو ! تم جس دیس میں یہاں سے نکل کر جا رہے ہو، وہ بڑا بدنصیب ملک ہے۔ وہ جاہلوں کا ملک ہے۔ بے رحمیوں کا ملک ہے۔ بے انصافیوں کا ملک ہے۔ غافل پجاریوں کا ملک ہے۔ بھائی بھائی میں نفرت کا ملک ہے۔ بیماریوں کا ملک ہے۔ سستی ، موت کا ملک ہے۔ افلاس و ناداری کا ملک ہے۔ غرض بڑا کمبخت ملک ہے۔ لیکن کیا کیجئے تمہارا اور ہمارا ملک ہے۔ اسی میں جینا اور اسی میں مرنا ہے۔

سوالات :

الف) ہم جس دیس میں رہتے ہیں وہ کیسا ملک ہے ؟

ب) بے رحمیوں کا ملک کونسا ہے ؟

ج) جاہلوں کا ملک کونسا ہے ؟

د) تمہارا اور میرا ملک کونسا ہے ؟

حصہ – II

II. اظہار مافی الضمیر ۔ تخلیقی اظہار : (نشانات 36)

الف) حسب ذیل سوالات کے جواب مختصر لکھیۓ۔ (نشانات 12=4×3)

5) عمر خضرؑ سے شاعر کی کیا مُراد ہے؟

6) "سر سید" نے اپنا بچپن کیسے گزارا؟

7) مصنف کو فقیروں سے کیوں بغض تھا ؟

ب) حسب ذیل سوالات کے جواب لکھیۓ۔ (نشانات 24=8×3)

8) نظم "او دیس سے آنے والے بتا" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیۓ۔

یا

نظم "حقیقت حسن" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیۓ۔

9) افسانہ "گلی ڈنڈا" کی کہانی کو اپنے الفاظ میں لکھیۓ۔

یا

افسانہ "دو فرلانگ لمبی سڑک" کی کہانی اپنے الفاظ میں لکھیۓ۔

10) اپنے والد کو خط لکھ کر بتایئے کہ امتحاں کی تیاری کس طرح کر رہے ہیں؟

یا

شجر کاری کی اہمیت بیان کیجئے۔

حصہ – III

III. زبان شناسی : **(نشانات 32)**

الف) نیچے دیئے گئے سوالات کو ہدایات کے مطابق جواب لکھئے۔ **(نشانات 9×2=18)**

11) "غزل" کسے کہتے ہیں؟ **(نشانات 2)**

12) "افسانہ" کسے کہتے ہیں؟ **(نشانات 2)**

13) ذیل کے سوالوں کے مناسب جواب لکھئے۔ **(نشانات 2)**

الف) ہر عیب سے مانا کہ جدُا ہو جائے۔ خط کشیدہ لفظ کے معنی لکھئے۔

ب) رتبہ جسے دنیا میں خدا دیتا ہے۔ خط کشیدہ لفظ کے معنی لکھئے۔

14) الف) ہاں سچ - بلکل سچ۔ خط کشیدہ لفظ کی ضد لکھئے۔ **(نشانات 2)**

ب) لائی حیات آئے - قضا لے چلی چلے۔ خط کشیدہ لفظ کی ضد لکھئے۔

15) ذیل کے خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔ **(نشانات 2)**

الف) رُباعی میں ________ مصرعے ہوتے ہیں۔ (   )

a) 4 b) 5

c) 6 d) 2

ب) شاعرِ مشرق کون ہیں؟ (   )

a) جوشؔ b) امیرؔ

c) انیس d) اقبال

16) الف) لفظ "شعر" کی جمع لکھیے۔ ( ) (نشانات 2)

a) شعراء
b) اشعار
c) شاعری
d) شاعر

ب) مرکب لفظ کی نشاندہی کیجیے۔ ( )

a) مسرت
b) نشاناتِ ستم
c) پرچم
d) ندی

17) الف) لفظ "زندگی" کا مترادف لکھیے۔ ( ) (نشانات 2)

a) حیات
b) موت
c) جینا
d) مرنا

ب) الطاف حسین کا تخلص ہے۔ ( )

a) غالبؔ
b) میرؔ
c) حالیؔ
d) سوداؔ

18) لفظ "فردوس" کو جملے میں استعمال کیجیے۔ (نشانات 2)

19) "رُباعی" کی تعریف کیجیے۔ (نشانات 2)

ب) حسب ذیل سوالوں کے مناسب جواب لکھیے۔ (نشانات 14×1=14)

20) غزل کے سب سے اچھے شعر کو کیا کہتے ہیں؟ (نشان 1)

21) نظم کے کیا معنی ہیں؟ (نشان 1)

22) اختر شیرانی کا اصلی نام کیا ہے؟ (نشان 1)

23) غزل کے لغوی معنی کیا ہیں؟ (نشان 1)

24) لفظ "قمر" کے معنی کیا ہیں؟ (نشان 1)

25) مرزا محمد رفیع کا تخلص کیا ہے؟ (نشان 1)

26) افسانہ کس صدی کی پیداوار ہے؟ (نشان 1)

27) سبق "بھیک" کے مصنف کا نام کیا ہے؟ (نشان 1)

28) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟ (نشان 1)

29) لفظ "کتاب" کی جمع لکھئے۔ (نشان 1)

30) نظم معرا کسے کہتے ہیں؟ (نشان 1)

31) نظم "او دیس سے آنے والے بتا" کے شاعر کون ہے؟ (نشان 1)

32) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے بانی کون ہیں؟ (نشان 1)

33) بانگِ درا۔ بالِ جبرائیل کے شاعر کون ہیں؟ (نشان 1)